JKBOSE
QUESTION PAPERS

Jammu & Kashmir Board of School Education

2024

aglasem.com

A–2–Z

Roll No.....

Total No. of Questions : **16**] [Total No. of Printed Pages : **16**

10th ARM(SZ)JKUT2024

1002–Z

URDU

Time : 3 Hours] **[Maximum Marks : 80**

حصہ" الف "

ا۔ درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھنے کے بعد اس کے آخر پر دی گئی خالی جگہوں کو اسی عبارت سے چن کر مناسب الفاظ سے پُر کیجئے۔ ۵×۱=۵

تاج محل کا شمار دنیا کے آٹھ عجوبوں میں ہوتا ہے۔ یہ اُتر پردیش کے شہر آگرہ میں دریا جمنا کے کنارے واقع ہے۔ نفیس سنگِ مرمر سے تعمیر یہ روضہ اپنی محبت کی نشانی کے طور پر پانچویں مغل حکمران شاہ

جہاں نے تعمیر کرایا تھا۔ لیکن دُنیا کی خوبصورت ، عجوبۂ روزگار اور محبت کی نشانی کو آج کل متعدد خطرات کا سامنا ہے۔ یہ عمارت تین انچ زمین میں دھنس گئی ہے۔ دوسرا خطرہ یہ ہے کہ ماحول کی آلودگی اس کے حُسن کے لئے خطرہ بن گیا ہے۔

(i) تاج محل ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کے کنارے واقع ہے۔

(ii) تاج محل کو ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ نے تعمیر کروایا۔

(iii) تاج محل کا ۔۔۔۔۔۔ دنیا کے آٹھ عجوبوں میں ہوتا ہے۔

(iv) آگرہ ریاست ۔۔۔۔۔۔ کا ایک شہر ہے۔

(v) ماحولیاتی آلودگی کی وجہ سے تاج محل کا ۔۔۔۔۔۔ متاثر ہو رہا ہے۔

۲۔ درج ذیل شعری جُز کو غور سے پڑھئے اور آخر پر پوچھے گئے سوالات کے جوابات میں سے درست جواب چن لیجئے : ۵×۱=۵

آغوش لحد میں جب کہ سونا ہوگا
جز خاک نہ تکیہ نہ بچھونا ہوگا
تنہائی میں آہ کون ہووے گا انیس
ہم ہوں گے اور قبر کا کونا ہوگا

(i) ''لحد'' سے کیا مراد ہے؟

(الف) میدان

(ب) قیامت

(ج) قبر

(د) موت

(ii) یہ اشعار کس شاعر کے ہیں ؟

(الف) مرزا دبیرؔ

(ب) میر انیسؔ

(ج) اقبالؔ

(د) غالبؔ

(iii) یہ اشعار کس صنف سخن سے تعلق رکھتے ہیں ؟

(الف) قصیدہ

(ب) غزل

(ج) رباعی

(د) مثنوی

(iv) ان اشعار میں شاعر نے کس کا نقشہ کھینچا ہے ؟

(الف) زندگی کا

(ب) موت کا

(ج) جنت کا

(د) جہنم کا

(v) قبر میں کون سی چیز انسان کے ساتھ ہوتی ہے؟

(الف) تکیہ

(ب) بچھونا

(ج) سونا

(د) خاک

۴۔ درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھنے کے بعد اس کے آخر میں پوچھے گئے سوالات کے مختصر جواب لکھئے۔ ۵×۱=۵

برس کی اخیر رات کو ایک بڈھا اپنے اندھیرے گھر میں اکیلا بیٹھا ہے۔ رات بھی ڈراونی ہے، اندھیری ہے۔ گھٹا چھا رہی ہے، بجلی تڑپ تڑپ کر کڑکتی ہے۔ آندھی بڑے زور سے چلتی ہے، دل کانپا

ہے اور دم گھبراتا ہے۔ بڈھا نہایت غمگین ہے۔ مگر اُس کا غم نہ اندھیرے گھر پر ہے نہ اکیلے پن پر نہ اندھیری رات پر۔ وہ اپنے پچھلے زمانے کو یاد کرتا ہے اور جتنا زیادہ یاد آتا ہے اتنا ہی غم بڑھتا ہے۔ ہاتھوں سے ڈھکے ہوئے منہ پر آنکھوں سے آنسو بھی بہے چلے جاتے ہیں۔

(i) برس کی کس رات کو بوڑھا گھر میں اکیلا بیٹھا ہے۔

(ii) رات کا منظر کیسا ہے؟

(iii) رات کے وقت کیا کڑکتی ہے؟

(iv) بوڑھا کس زمانے کو یاد کرتا ہے؟

(v) بوڑھے نے اپنے ہاتھوں سے جسم کے کس حصے کو ڈھکا ہے؟

حصہ "ب"

۴۔ (الف) درج ذیل الفاظ میں سے صرف تین کو جملوں میں اس طرح استعمال کیجیے کہ ان کا مذکر یا مونث ہونا واضح ہو جائے : ۳

(i) تنخواہ

(ii) پانی

(iii) شربت

(iv) رومال

(ب) درج ذیل الفاظ میں سے صرف دو کو جملوں میں اس طرح استعمال کیجیے کہ ان کا واحد یا جمع ہونا واضح ہو جائے : ۲

(i) کرسی

(ii) والدین

(iii) تصویر

(iv) اسباب

۵۔ دیئے گئے حروف کی تعریف کیجئے اور مثالیں بھی دیجئے (صرف دو) : ۲+۲=۴

(i) حروف اضافت

(ii) حروف نفرین

(iii) حروف تردید

(iv) حروف ندا

۶۔ ہدایات کے مطابق جوابات لکھئے : ۵×۱=۵

(الف) ''جانے والا واپس کہاں آتا ہے۔'' اس جملے میں ''جانے والا'' کیا ہے؟

(i) فاعل

(ii) مفعول

(iii) فعل

(iv) صفت

(ب) ''ندیم ایک قابل لڑکا ہے۔'' اس جملے میں قابل کیا ہے؟

(i) فاعل

(ii) اسم صفت

(iii) اسم نکرہ

(iv) مفعول

(ج) ''کیا شاندار عمارت ہے۔'' اس جملے میں شاندار کیا ہے؟

(i) مفعول

(ii) فاعل

(iii) اسم صفت

(iv) اسم معرفہ

(د) ''تھوڑا سا آٹا لاؤ۔'' اس جملے میں لفظ ''تھوڑا سا'' کیا ہے؟

(i) فاعل

(ii) صفت مقداری

(iii) مفعول

(iv) فعل

(ہ) ''رشید نے کتّے کو مارا۔'' اس جملے میں لفظ رشید کیا ہے؟

(i) فعل

(ii) فاعل

(iii) مفعول

(iv) فعل امر

۷۔ درج ذیل محاورات میں سے صرف دو کو جملوں میں استعمال کیجیے : ۲

(i) آگ بگولہ ہونا

(ii) باغ باغ ہونا

(iii) ایک نہ سننا

۸۔ کسی ایک جملے کی ترکیب نحوی کیجئے اور جملے کا نام بھی لکھئے : ۴

امین ریاضی پڑھاتا ہے

''یا''

احمد کا بھائی ڈاکٹر ہے۔

حصہ'' ج ''

۹۔ درج ذیل اصناف میں سے کسی ایک صنف پر نوٹ لکھئے : ۵

(i) داستان

(ii) حالہ

(iii) غزل

(iv) قصیدہ

۱۰۔ درج ذیل اسباق میں سے کسی ایک کا خلاصہ لکھئے : ۵

(i) اور مزاج دار لُٹ گئی

(ii) اقبال اور انسانیت

(iii) بور کے لڈو

۱۱۔ درج ذیل اشعار میں سے صرف ۳ اشعار کی تشریح کیجئے اور شاعر کا حوالہ بھی دیجئے : ۲x۳=۶

(i) کہنے لگا کہ دیکھ کے چل راہ بے خبر

میں بھی کبھو کسو کا سر پُر غرور تھا

''یا''

نہ گور سکندر نہ ہے قبر دارا

مٹے نامیوں کے نشان کیسے کیسے

(ii) مرتے ہیں آرزو میں مرنے کی

موت آتی ہے پر نہیں آتی

''یا''

اس روشنی کے شہر میں ظلمت کرے گی راج

مجھکو یقین تھا نہ تجھے ہی گمان تھا

(iii) اس نے کتنی لطیف بات کہی

خودشناسی خدا شناسی ہے

''یا''

کس کو معلوم ملے خاک میں منظر کتنے

اپنے آئینے چھپائے ہیں سکندر کتنے

۱۲۔ درج ذیل سوالات میں سے دو کے جواب لکھئے ۔ ۵

(i) جمن مزاج دار کے زیورات لوٹ لینے میں کس طرح کامیاب ہوگئی ؟

(ii) خوشامدی میں کیا کیا عیب ہوتے ہیں ؟

(iii) پنڈت چندر دھر کو اپنے پیشے کی عظمت کا احساس کس طرح ہوا ؟

(iv) انسان اور انسانیت کی فلاح کے لئے اقبال کا پیغام کیا ہے ؟

۱۳۔ درج ذیل سوالات میں سے صرف دو کے جواب لکھئے : ۵

(i) رام چندر جی کو دیکھ کر اس کی ماں کیوں رونے لگی ؟

(ii) حضرت محمد ﷺ کیا پیغام لے کر آئے ؟

(iii) وحدت میں کثرت سے کیا مراد ہے؟

(iv) نصاب میں شامل قصیدے کو شاعر نے ''شہر آشوب'' کیوں قرار دیا ہے ؟

۱۴۔ درج ذیل ادباء اور شعراء میں سے کسی ایک کے حالاتِ زندگی تحریر کیجئے : ۵

(i) میر امن

(ii) مولوی عبدالحق

(iii) غالبؔ

(iv) ڈاکٹر سر محمد اقبالؔ

"حصہ د"

۱۵۔ اپنے چھوٹے بھائی کے نام خط لکھئے جس میں انہیں پڑھائی کے ساتھ ساتھ کھیل کود کی اہمیت سے واقف کرائیں۔ ۶

"یا"

اپنے ضلع کے ترقیاتی کمشنر کے نام بجلی کی ناقص ترسیل کے خلاف شکایتی درخواست تحریر کیجئے۔

۱۶۔ دیئے گئے عنوانات میں سے کسی ایک پر دوسو (۲۰۰) الفاظ پر مشتمل مضمون لکھئے:

(i) کسی صحت افزا مقام کی سیر

(ii) میری زندگی کا مقصد

(iii) موبائل فون کے مُضر اثرات

(iv) میرے کشمیر کی ہر شئے حسین ہے

QUESTION PAPERS

GET PREVIOUS YEAR QUESTION PAPERS FOR ALL CLASSES FOR CBSE, ISCSE, ISC AND ALL ALL STATE BOARDS HERE AT AGLASEM.COM

BOARD WISE

- Andhra Pradesh Board Question Papers
- Assam Board Question Papers
- Bihar Board Question Papers
- Chhattisgarh Board Question Papers
- Goa Board Question Papers
- Gujarat Board Question Papers
- Haryana Board Question Papers
- Himachal Pradesh Board Question Papers
- J&K State Board Question Papers
- Jharkhand Board Question Papers
- Karnataka Board Question Papers
- Kerala Board Question Papers
- Madhya Pradesh Board Question Papers
- Maharashtra State Board Question Papers
- Manipur Board Question Papers
- Meghalaya Board Question Papers
- Mizoram Board Question Papers
- Nagaland Board Question Papers
- Orissa Board Question Papers
- Punjab Board Question Papers
- Rajasthan Board Question Papers
- Tamil Nadu Board Question Papers
- Telangana State Board Question Papers
- Tripura Board Question Papers
- Uttarakhand Board Question Papers
- Uttar Pradesh (UP) Board Question Papers
- West Bengal (WB) Board Question Papers